معزز احباب سکول ،

دا ہاسپٹل فار سک چلڈرن (بیمار بچوں کے لیے ہسپتال) آپ کے اسکول کے ساتھ کام کر رہا ہے تاکہ علامتی عملے ، طلباء اور گھریلو اراکین یا ان لوگوں کو جن کی ٹورانٹو پبلک ہیلتھ (TPH) نے کوویڈ 19 (COVID-19) ٹیسٹنگ کے لیےسفارش کی ہے، کے لیے کوویڈ 19 (COVID-19) تھوک (لعاب دھن) کی جانچ کی کٹس فراہم کریں۔ تھوک (لعاب دھن) کی جانچ درد نا دینے والی اور آسان ہے اور جانچ کروانے سے آپ کے اسکول میں کوویڈ 19 (COVID-19) کے کیسوں کو کم کرنے اور اسکولوں کو کھلا رکھنے میں مدد ملے گی۔

تھوک (لعاب دھن) کی جانچ کی کٹ کہاں سے لیں؟
- تھوک (لعاب دھن) کی جانچ کی کٹیں آپ کے سکول میں متعین جگہ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

- تھوک (لعاب دھن) کی جانچ کی کٹ کب استعمال کریں؟
- جانچ کی کٹ اس وقت استعمال کریں جب آپ کی کم از کم 1 یا اس سے زیادہ کوویڈ 19 (COVID-19) کی علامات ہوں (بخار یا سردی کی لہر اٹھنا ، کھانسی یا بھونکنے سے مشابہ آواز والی کھانسی، سانس کی کمی، چکھنے یا سونگھنے میں کمی یا حس کا ختم ہونا، متلی/ قے اور/ یا اسہال) یا
- آپ کو پبلک ہیلتھ نے مطلع کیا ہو کہ مخصوص تاریخوں میں جانچ کی جائے گی ۔

تھوک (لعاب دھن) کی جانچ کی کٹ میں کیا ہے؟

1. تھوک (لعاب دھن) جمع کرنے والی ڈبی (نیلا مائع وائرس کو غیر فعال کرتا ہے)
2. لیبارٹری کا فارم (آپ کے نتائج حاصل کرنے کے لیے بھرنا ضروری ہے)
3. تھوک (لعاب دھن) جمع کرنے کی ہدایات (لیبارٹری کے فارم کی پشت پر)
4. اپنے نتائج تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ہدایات
5. آپ کی تھوک (لعاب دھن) کی ڈبی کے لیے ایک خالی لیبل (آپ کے ہیلتھ کارڈ کے مطابق قانونی مکمل نام اور تاریخ پیدائش کے ساتھ لیبل اور نمونہ کی ڈبی پر لگانی کی چیپی/چٹ

تھوک (لعاب دھن) کیسے اکٹھا کریں اور کٹ کیسے واپس پہنچائیں؟
- کھانا ، پینا ، تمباکو نوشی ، چیونگم ، دانت صاف کرنا ، نشہ نوشی جانچ سے 30 منٹ پہلے نہ کریں۔
- نمونہ اکٹھا کریں اور لیبل لگائیں ، درخواست فارم پُر کریں ، اسے بائیوہزارڈ بیگ میں بند کریں۔
- کوئی شخص جس میں علامات نہیں ہیں اور وہ بیمار نہیں ہے وہ اسکول کے اوقات کے دوران پیر سے جمعہ تک اسکول کے متعین مقام پر نمونہ چھوڑ سکتا ہے۔
- یہاں ہماری تھوک (لعاب دھن) کے بارے میں ہدایات کا لنک ہے
ویڈیو: https://www.youtube.com/watch?app=desktop&v=Ru-vFZdImes&feature=youtu.be

مجھے اپنے نتائج کب ملیں گے؟
اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت ہے (+):
- آپ کو کچھ دنوں میں 24-48 گھنٹوں کے اندر سک کڈز (SickKids) اور پبلک ہیلتھ کی جانب سے ایک فون کال موصول ہوگی جس میں معلومات اور ہدایات ہوں گی کہ آگے کیا کرنا ہے

اگر آپ کا ٹیسٹ منفی ہے (-):
- آپ کو فون کال موصول نہیں ہوگی اور نتائج کے آن لائن دستیاب ہونے کا انتظار کرنا ہوگا۔

اگر ٹیسٹ پر کارروائی نہیں کی جا سکتی۔
- اگر نمونہ پر لیبل نہیں لگایا گیا ، کافی تھوک (لعاب دھن) نہیں ہے ، یا درخواست فارم پر نہیں کیا گیا ، ہم آپ کو کال کریں گے کہ آپ کو بتائیں کہ نمونے پر کارروائی نہیں کی جا سکتی۔

نتائج تک رسائی۔

- اگر آپ نے گرین آنٹیریو ہیلتھ کیئر کارڈ کا 10 ہندسوں کا نمبر اور دو حرفی ورژن کوڈ فراہم کیا ہے:
    - تو کوویڈ 19 (COVID-19) کی سرکاری ویب سائٹ پر اپنے نتائج تک رسائی حاصل کریں: https://covid-19.ontario.ca/

کوویڈ 19 (COVID-19) کی سرکاری ویب سائٹ

- اگر آپ کے پاس آنٹیریو ہیلتھ کیئر کارڈ نہیں ہے ، آپ کے پاس سرخ اور سفید کارڈ ہے ، یا صوبے سے باہر ہیں:
    - آپ کو اپنا ای میل ایڈریس درخواست فارم پر لکھنا ہو گا ، جس کا استعمال آپ کو کوڈ بھیجنے کے لیے کیا جائے گا تاکہ آپ اپنے نتائج دیکھ سکیں اس پر https://covid-19.ontario.ca/
    - اگر آپ 4 کاروباری دنوں میں ہماری طرف سے اطلاع نہیں پاتے ہیں تو براہ کرم ای میل کریں mobile.outreach@sickkids.ca